وزیراعظم کی قطر کے امیر سے ملاقات

15 فروری، 2024

۱۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج دوحہ کے امیری محل میں قطر کے امیر عزت مآب شیخ تمیم بن حماد الثانی سے ملاقات کی

۲۔ امیری محل پہنچنے پر وزیراعظم کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اس کے بعد دونوں فریقین نے وفود کی سطح پر محدود مذاکرات کئے۔ بات چیت میں اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری، توانائی کی شراکت، خلائی تعاون، شہری انفراسٹرکچر، ثقافتی ربط اور عوام کے درمیان روابط سمیت متعدد موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

۳۔ وزیر اعظم نے قطر میں 8 لاکھ سے زیادہ مضبوط ہندوستانی کمیونٹی کا خیال رکھنے کے لئے امیر کا شکریہ ادا کیا اور قطر کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے اور گہرا کرنے کے ہندوستان کے عزم سے آگاہ کیا۔ انھوں نے امیر کو ہندوستان کا جلد دورہ کرنے کی دعوت دی۔

٤۔ امیر نے وزیر اعظم کے جذبات کا جواب دیا اور خلیجی خطے میں ایک قابل قدر شراکت دار کے طور پر ہندوستان کے کردار کی تعریف کی۔ امیر نے قطر کی ترقی میں متحرک ہندوستانی برادری کے تعاون اور قطر میں منعقدہ مختلف بین الاقوامی تقاریب میں ان کی پرجوش شرکت کی بھی تعریف کی۔

۵۔ ملاقات کے بعد امیری محل میں وزیراعظم کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا۔

دوحہ
15 فروری، 2024